ھر بل لیبارٹری

﴿حکیم لیاقت علی کھچی صاحب﴾

ہدایات: (ا)مریض کا پیشاب صبح خالی پیٹ والا ہو...اورایک گھنٹے کے اندر ٹیسٹ کرلیں...

(۲)مریض کے پیشاب کا ٹیسٹ آپ جس وقت آپ کرر ہے ہوں مریض اس قوت کوئی میڈیسن استعمال نہ کرر ہا ہو...

یا کسی معالج نے مخصوص خوراک پر بھی پابند نہ کیا ہو...یعنی متوازن غذا لے رہا ہو...

لٹمس پیپر سے تشخیص

لٹمس پیپر دوطرح کے ہوتے ہیں...

(ا)ریڈلٹمس پیپر...لال پیپر...تیزابیت...ایسڈ...عضلاتی مزاج کا ہوتا ہے...

(۲)بلولٹمس پیپر...نیلا پیپر...کھار...الکلائن...اعصابی مزاج کا ہوتا ہے...

(۳)پیرامیٹر...(PH)پیپر...اس کے اندرایک سے چودہ تک نمبر ہوتے ہیں...ایک سے لیکرسات تک ایسڈ...تیزابیت...

عضلاتیت کا پتہ دیتے ہیں...آٹھ سے لیکر چودہ تک الکلائن...کھار...اعصابیت کا پتہ دیتے ہیں... چھ سے آٹھ کی درمیانی جو کیفیت ہے...

وہ سالٹ...صفراویت کا پتہ دیتے ہیں...اس پیرامیٹر(P.H)سے معلوم ہوجائے گا کہ...ایسڈ کی زیادتی ہے...

یاالکلائن کی زیادتی ہے... یاسالٹ کی زیادتی ہے...مریض کا مزاج معلوم ہوجائے گا کہ...عضلاتی ہے... یاغدی ہے... یااعصابی ہے...

(ا)ریڈلٹمس پیپر سے تشخیص کا طریقہ: مریض کے صبح کا قارورہ لیں...اس کے اندرریڈلٹمس پیپر کے ایک سِرے کوڈِپ کریں...

پھراس کا جائزہ لیں...اگریہ پیپر پیشاب میں ڈالنے سے نیلا ہوجائے...تواس کا مطلب ہے کہ مریض کے جسم میں...خون میں...

الکلائن...بلغم...آتشک زہر...بلغمی فاسد مواد کی زیادتی...عصبی سوزش...عصبی جراثیمی سمیت ہوگی...

اعصابی جراثیم جسم میں...ہیضہ...آتشک...ملیریا پھیلاتے ہیں...

(۲)بلولٹمس پیپر سے تشخیص کا طریقہ: مریض کا صبح کا قارورہ لیں...اس کے اندر بلولٹمس پیپر کے ایک سِرے کوڈِپ کریں...

پھراس کا جائزہ لیں...اگریہ پیپر پیشاب میں ڈالنے سے سرخ(لال)ہوجائے...تواس کا مطلب ہے کہ مریض کے جسم میں...

خون میں...ایسڈ...سودا...تیزابیت...بواسیری زہر کی زیادتی ہے...سوداوی فاسد مادے کی زیادتی ہے...قلبی سوزش ہے...

عضلاتی جراثیمی سمیت جسم میں بڑھ گئی ہے...عضلاتی جراثیم جسم میں...ٹی بی...السر کا موجب بنتے ہیں...

(۳)دونوں لٹمس پیپر سے تشخیص: اگرمریض کے پیشاب میں دونوں لٹمس پیپراپنی رنگت میں کوئی تبدیلی نہیں کرتے تو

ایسے مریض میں...سالٹ کی زیادتی ہوگی...جسم میں صفرا کی زیادتی ہوگی...صفراوی فاسد مادوں کی زیادتی ہوگی...جگر کی سوزش...

صفراوی جراثیمی سمیت بڑھ گئی ہے...صفراوی جراثیم جسم میں...سوزاک...ٹائیفائڈ...وغیرہ پھیلاتے ہیں....

لٹمس پیپر سے مادہ منویہ کی تشخیص

لٹمس پیپر سے مادہ منویہ کا ٹیسٹ بھی کر سکتے ہیں...طریقہ کار وہی ہے جو اوپر ذکر کیا گیا ہے...

(۱) بلو لٹمس پیپر مریض کی منی میں ڈِپ کریں...اگر اس کا سِرا ریڈ لال ہو جائے...تو مریض شدید ترین تیزابیت کا حامل ہے...

اور تیزابیت کی وجہ سے مادہ منویہ میں سپرم مردہ ہو رہے ہیں...اور آر بی سی RBC کی زیادتی ہوگی...

PH پیپر سے میچ کریں...اگر پی ایچ لیول ایک سے سات تک ہے...تو اوپر کی علامات ہونگی...

(۲) ریڈ لٹمس پیپر مریض کی منی میں ڈِپ کریں...اگر اس کا سِرا بلو نیلا ہو جائے...تو مریض اعصابی تحریک کا شکار ہوگا...

اس میں سپرم کی عدم کیفیت ہوگی...اس کے اندر سپرم نہیں پائے جائیں گے...

PH پیپر سے میچ کریں...اگر پی ایچ لیول آٹھ سے چودہ تک ہے...تو اوپر کی علامات ہونگی...

(۳) مریض کی منی میں دونوں لٹمس پیپر ڈِپ کریں...اگر دونوں پیپر اپنی رنگت تبدیل نہیں کرتے تو...ایسی منی صفراوی ہوگی...

پس سیل کی زیادتی ہوگی...مردہ سپرم زیادہ ہونگے...زندہن سپرم کم ہونگے...سوزاکی زہر ہوگا...

PH پیپر سے میچ کریں...اگر پی ایچ لیول چھ سے آٹھ کے درمیان ہے...تو اوپر کی علامات ہونگی...

میٹھے سوڈے سے پیشاب (قارورہ) کی تشخیص

ہدایت: مریض کا پیشاب کسی جار میں 100 ML لے لینا ہے...اس کے اندر 3 گرام سوڈا ڈالنا ہے...

اس کے اندر جو کیمیکل ری ایکشن ہوگا اس کو نوٹ کریں...

(۱) اگر پیشاب میں میٹھا سوڈا ڈالنے سے انتہائی شدید ری ایکشن ہو...شدید ترین اُبال آئے...بہت زیادہ جھاگ پیدا ہوتا ہے، پیشاب برتن کی سطح سے باہر نکلنے کی کوشش کرتا ہے...تو یہ شدید ترین تیزابیت کا پتہ دیتا ہے...جسم میں خشکی کی زیادتی ہوگی...قبض ہوگی...

اس کا مزاج عضلاتی ہوگا...

(۲) اگر پیشاب میں میٹھا سوڈا ڈالنے سے ری ایکشن تو ہوتا ہے...اُبال تو آتا ہے...لیکن اتنا نہیں آتا کہ قارورہ باہر نکلنے کی کوشش نہیں کرتا...تو یہ صفراویت کا پتہ دیتا ہے...جسم میں حرارت کی زیادتی ہوگی...جسم میں صفرا کی زیادتی ہوگی...سوزاکی زہر ہوگا...

آنتوں کی سوزش ہوتی ہے...اس کا مزاج غدی ہوگا...

(۳) اگر پیشاب میں میٹھا سوڈا ڈالنے سے کوئی ری ایکشن نہ ہو...کوئی کیمیاوی عمل نہ ہو...سوڈا تہ میں جا کر بیٹھ جائے...

تو یہ اعصابیت کا پتہ دیتا ہے...جسم میں بلغم کی زیادتی ہے...پیشاب زیادہ آتا ہے...بلڈ پریشر لو رہتا ہے...اس کا مزاج اعصابی ہوگا...